| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: اسلامیات | جماعت: پنجم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 6 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: حفظ و ترجمہ | باب اوّل: قرآن مجید و حدیثِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- دُعائے قنوت مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** **5منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں دُعا عبادت ہے دُعا کا مقصد ہے کہ ہم اللہ کو ہر موقع پر یاد رکھتے ہیں۔ اس کی رحمت کو طلب کرتے ہیں۔ ہم سب اپنی ضروریات کے لیے اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں اور اللہ سے مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو پسند ہے کہ اس کا بندہ اس سے اپنی ضروریات اور حاجات کے لیے گڑ گڑا کر دُعا مانگے۔

**طریقہ تدریس:** **25منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو دُعائے قنوت کے بارے میں بتائیں۔ دُعائے قنوت عشا کی نماز کے بعد وتر میں پڑھی جاتی ہے۔ وتر کے معنی طاق (Odd Number) کے ہیں۔ احادیثِ نبوی سے ثابت ہوتا ہے کہ ہمیں نمازِ وتر کی خاص پابندی کرنی چاہیے؛ کیونکہ نبی خاتم النبیین ﷺ سفر و حضر ہمیشہ نمازِ وتر کا اہتمام فرمایا کرتے تھے۔ نبی خاتم النبیین ﷺ نے نمازِ وتر پڑھنے کی بہت زیادہ تاکید فرمائی ہے حتیٰ کہ فرمایا کہ اگر کوئی شخص وقت پر وتر نہ پڑھ سکے تو وہ بعد میں اس کی قضا کرے۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۸ سے دُعائے قنوت پڑھائیں۔ دُعائے قنوت کو دو حصوں میں تقسیم کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم **یَفْجُرُكَ** تک یاد کریں گے۔
- طلبہ کو قنوت کے معنی بتائیں۔ قنوت کے معنی اطاعت، دعا اور قیام کے ہیں۔

- دُعائے قنوت کا لفظی ترجمہ بھی بتائیں۔ باری باری بچوں سے دعا پڑھوائیں تاکہ ذہن نشین ہو جائے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

دُعائے قنوت کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے دعائے قنوت زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

دُعائے قنوت یاد کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:پنجم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:_______ | ہفتہ:6 | اُستاد کا نام:_______ |

| سبق کا نام: حفظ و ترجمہ | باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دُعائے قنوت مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو دُعائے قنوت کے بارے میں بتائیں کہ اس دُعا کو وتر کی نماز میں پڑھا جاتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے مسلمانو! وتر پڑھو؛ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ بھی وتر (ایک) ہے اور وتر کو پسند کرتا ہے۔ (ابی داؤد)

**طریقہ تدریس:** 25منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے يَفْجُرُكَ تک دعائے قنوت سنیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۸ سے دُعائے قنوت پڑھائیں۔
- پہلے خود دُرست تلفظ اور قواعد تجوید کے ساتھ بچوں کے سامنے دُعائے قنوت پڑھیں۔ پھر باری باری بچوں سے دُعا پڑھوائیں۔
- دُعا کے الفاظ کو مع ترجمہ رنگین مارکر یا چاک کی مدد سے تختہ تحریر پر لکھیں۔ اور دُعا ذہن نشین کرائیں۔
- طلبہ کی گروہ بندی کر دیں۔ اور ہر گروہ کا ایک لیڈر مقرر کریں جس کی نگرانی میں باقی بچے دُعا کو یاد کریں۔

**اعادہ:** 2منٹ

دُعائے قنوت طلبہ کے ساتھ مل کر دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے دُعائے قنوت زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

دُعائے قنوت یاد کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیثِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سبق میں شامل دُعاؤں کو حفظ کر سکیں۔
- سبق میں شامل دُعاؤں کے معنی و مفہوم کو جان کر نماز میں پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے ذریعے اپنے دین کو مکمل فرما دیا ہے۔ اور رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو اسوۂ حسنہ راہِ نجات قرار دیا ہے۔ چنانچہ اپنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی ہر بات اور ان کی سنتوں پر عمل کرنے میں ہی بھلائی ہے آپ خاتم النبیین ﷺ ہمیں ہر موقع کے لیے دُعا سکھائی ہے۔ دُعا کا مطلب اللہ تعالیٰ کی رحمت طلب کرنا ہے۔

**طریقہ تدریس:** **25 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر ۸ سے دنیا و آخرت کی بھلائی کی دعا کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ دنیا اور آخرت کی بھلائی کی دُعا قرآن مجید میں سورۃ البقرہ میں موجود ہے۔
- بچوں کو دُعا کا با محاورہ اور لفظی ترجمہ بتائیں۔ بچوں کو ہر لفظ کا ترجمہ یاد کروائیں۔ جن بچوں کو دُعا یاد ہو ان کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کو تاکید کریں کہ دُعا یاد کرنے میں اپنے ساتھیوں کی مدد کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یہ ایک جامع دُعا ہے اور اس میں دنیا کی بھلائی پہلے اور آخرت بعد میں مانگی گئی ہے۔ اسی لیے نبی خاتم النبیین ﷺ حج کے دوران طواف کرتے وقت اور دوسرے اکثر اوقات میں بھی یہی دُعا فرمایا کرتے تھے۔

- اب طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۹ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دُعا کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دُعا قرآن مجید میں سورۃ ابراہیم میں موجود ہے۔ یہ دو آیات پر مشتمل ہیں۔ بچوں کو دُعا کا بامحاورہ اور لفظی ترجمہ بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یہ دُعا نماز کی آخری رکعت میں تشہد اور درود شریف پڑھنے کے وقت بھی پڑھی جاتی ہے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

طلبہ کے ساتھ مل کر دُعائیں دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے دونوں دُعائیں سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

گھر میں دُعائیں یاد کریں۔